اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت

ماڈل سوالیہ پرچہ برائے سال 2024-23 و مابعد

Version Number | | | | |

حصّہ اول

وقت: 15 منٹ — کل نمبر: 10

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کو پہلے پندرہ منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیجیے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنی تبلیغ کا آغاز کس چیز کی اصلاح سے کیا؟

الف۔ عقائد ○ ب۔ عبادات ○
ج۔ اخلاق ○ د۔ معاملات ○

(ii) شرک کے معنی ——— کے ہیں۔

الف۔ برابر سمجھنے ○ ب۔ ساجھے پن ○
ج۔ ہمسر بنانے ○ د۔ انکار کرنے ○

(iii) وحی کے لغوی معنی ہیں:

الف۔ اشارہ کرنا ○ ب۔ اطلاع دینا ○
ج۔ نصیحت کرنا ○ د۔ تعلیم دینا ○

(iv) آپ ﷺ نے کس مہینے کو مواسات اور غمگساری کا مہینہ قرار دیا؟

الف۔ ماہ محرم ○ ب۔ ماہ ربیع الاول ○
ج۔ ماہِ رمضان ○ د۔ ماہِ ذی الحج ○

(v) آپ ﷺ نے کن لوگوں کے بارے میں فرمایا: "اگر مجھے ان کے بیوی بچوں کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کے گھروں میں آگ لگوا دیتا۔"؟

الف۔ نماز با جماعت کے لیے مسجد نہ جانے والے ○ ب۔ روزے نہ رکھنے والے ○
د۔ حج نہ کرنے والے ○ ج۔ سود کھانے والے ○

(vi) حدیث مبارکہ کے مطابق وہ کون سی بری خصلت ہے جو نیکیوں کو یوں کھا جاتی ہے جیسے آگ خشک لکڑی کو؟

الف۔ تکبر ○ ب۔ حسد ○
ج۔ غیبت ○ د۔ منافقت ○

(vii) حدیث شریف کے مطابق شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ ہے:

الف۔ جھوٹ ○ ب۔ قتل ناحق ○
ج۔ والدین کی نافرمانی ○ د۔ وعدہ خلافی ○

(viii) کون سے صحابی رضی اللہ عنہ کے انتقال پر نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم روپڑے؟

الف۔ حضرت جعفرؓ ○ ب۔ حضرت زبیرؓ ○
ج۔ حضرت طلحہ ○ د۔ حضرت عباسؓ ○

(ix) قرآن کریم کے کتنے نام خود آیاتِ قرآنیہ سے ماخوذ ہیں؟

الف۔ 55	○	ب۔ 64	○
ج۔ 32	○	د۔ 100	○

(x) سن 99 ھجری میں صحابہ کرامؓ کی دنیا سے رخصتی پر کسے علم حدیث کے اٹھ جانے کی فکر ہوئی؟

الف۔ عمر بن عبد العزیزؒ	○	ب۔ امام زہریؒ	○
ج۔ امام مکحولؒ	○	د۔ امام مالکؒ	○

اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت

ماڈل سوالیہ پرچہ برائے سال 2024-23 ومابعد

وقت: 2:15 گھنٹے　　　　کل نمبر: 40

نوٹ: حصہ دوم، حصہ سوم اور حصہ چہارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کل نمبر 16)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں پر مشتمل مختصر جوابات لکھیے۔ (8x2=16)

(i) شرک کا آغاز کیسے ہوا؟

(یا)

شرک کی تین اقسام لکھیں.

(ii) روزوں کے بے اثر ہونے کے دو اسباب تحریر کریں۔

(یا)

طاغوت سے کیا مراد ہے؟

(iii) رسالت محمدی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی دو خصوصیات لکھیں۔

(یا)

ہمسایوں کے حقوق سے متعلق کسی حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

(iv) وعدہ پورا کرنے سے متعلق کسی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

(یا)

جھوٹ کی تعریف میں آنے والے کم از کم چار اعمال کی نشاندہی کیجیے۔

(v) قانون شکنی کی دو وجوہات تحریر کریں۔

(یا)

نماز ذکر کی افضل ترین شکل ہے، کیوں؟

(vi) حج کے دو فائدے لکھیں۔

(یا)

فتح مکہ کے موقع پر آپ ﷺ نے کون سی آیت پڑھ کر عام معافی کا اعلان فرمایا؟

(vii) تلاوتِ قرآن کے دوران صحابہ کرامؓ کی کیفیت کیا ہوتی تھی؟

(یا)

ماں کی عظمت سے متعلق حدیث مع ترجمہ لکھیں۔

(viii) بیویوں کے ساتھ حسن سلوک سے متعلق حدیث کا ترجمہ لکھیں.

(یا)

صحاح ستہ اور اصول اربعہ میں سے دو دو کتابوں کے نام لکھیں۔

حصہ سوم (کل نمبر:16)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے مفصل جوابات تحریر کیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔ (8×2=16)

سوال نمبر3: عقیدہ توحید سے انسان کے فکر و عمل اور شخصیت میں کیا نمایاں اور انقلابی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں؟ وضاحت کریں۔ (4+4=8)

یا

فرد کی تعمیر سیرت اور معاشرے کی تشکیل میں نماز کیا کردار ادا کرتی ہے؟ (4+4=8)

سوال نمبر4: تدوین حدیث کے تینوں ادوار کا تفصیلی ذکر کریں۔ (3+3+2=8)

یا

مکی اور مدنی سورتوں کی خصوصیات تحریر کریں۔ (4+4=8)

حصہ چہارم (کل نمبر:08)

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل قرآنی آیت کا ترجمہ و تشریح لکھیں۔ (1+3=4)

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (سورۃ آل عمران)

یا

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ (سورۃ النحل)

سوال نمبر6: مندرجہ ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔ (2+2=4)

(i) مَنْ سَلَکَ طَرِیْقًا یَطْلُبُ فِیْہِ عِلْمًا سَلَکَ اللہُ بِہٖ طَرِیْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّۃِ

(ii) الصدق ينجى والكذب يهلك

* * * * *